عمومی شرائط

برائے ٹھیکہ جات تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن ککی ضلع بنوں

برائے سال 27-2026

صوبائی حکومت خیبر پختونخواہ پٹاور بلدیات و دیہی ترقی لوکل کونسل بورڈ کے جاری کردہ نوٹیفکیشن پالیسی / گائیڈ لائنز برائے ٹھیکہ جات انگریزی چھٹی نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07.05.2026 عمومی شرائط برائے ٹھیکہ جات ٹی ایم اے ککی حسب ذیل ہیں۔

1۔ میعاد ٹھیکہ برائے ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 ہوگی۔

2۔ لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ کے رجسٹرڈ شدہ ٹھیکیداران جنہوں نے برائے سال 27-2026 تجدید کرئی ہو بولی میں حصہ لینے کے مجاز ہونگے۔ ٹھیکیدار متذکرہ بولی میں حصہ لینے سے 02 دن قبل اپنی رجسٹریشن بمعہ نقل قومی شناختی کارڈ، اصل کال ڈپازٹ آفیسر نیلام TMATMO/TOR ککی کے پاس جمع کرانے کے پابند ہونگے۔

3۔ کسی بھی لوکل کونسل TMA کا باقی دار اور اس کا کوئی رشتہ دار بولی میں حصہ نہیں لے سکتا۔

4۔ خواہشمند رجسٹرڈ شدہ ٹھیکیداران / فرم نیلامی میں حصہ لینے سے پہلے گزشتہ سال کی منظور شدہ بولی / آمدن کے لحاظ سے 5% بشکل کال ڈپازٹ کسی بھی بینک سے بنام تحصیل میونسپل آفیسر (TMO) ٹی ایم اے ککی جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ جو کہ نیلامی کے بعد اُسے جاری کی جائے گی ماسوائے کامیاب بولی دہندہ کے۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ 5% سیکورٹی اور 15% ایڈوانس رقم کال ڈپازٹ اور دوسرے ضروری کاغذات کی تصدیق کے بعد سات دن کے اندر اندر ٹی ایم اے ککی کو جمع کریگا اور ساتھ ساتھ اسٹامپ پیپر پر اپنے خرچے پر ٹی ایم اے ککی کے ساتھ ایک تحریری اقرار نامہ تحریر کریگا۔ تاہم کامیاب بولی دہندہ دو مقامی قابل ذکر (Notables) کی ضمانت جس کی جائیداد کی رقم بولی کی رقم کے برابر ہوگی اور فسٹ کلاس مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ ہوگی اسٹامپ پیپر پر ٹی ایم اے ککی کو جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ اگر مذکورہ بالا ایڈوانس رقم اور اقرار نامہ مقررہ وقت میں کامیاب بولی دہندہ جمع کرنے میں ناکام رہا تو اُس کا ٹھیکہ کینسل کیا جائے گا اور اُس کو کال ڈپازٹ بحق ٹی ایم اے ضبط کیا جائے گا۔

6۔ سال میں ایک بار ادا کئے جانے والے ٹیکس / فیس کے لئے کامیاب بولی دہندہ 50% ایڈوانس رقم جمع کرنے کا پابند ہوگا جبکہ بقایا 50% رقم تین مساوی اقساط مالی سال میں جولائی سے ستمبر تک جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

7۔ ٹھیکیدار ٹھیکہ کی رقم قسط کی شکل میں ہر ماہ کے 5 تاریخ تک جمع کرنے کا پابند ہوگا اگر وہ ناکام رہا تو 10 تاریخ تک قسط کے حساب سے 2% جرمانہ عائد کیا جائے گا آخری نوٹس جاری ہونے کے بعد اگر ٹھیکیدار پھر بھی ناکام رہا تو مہینے کے 15 تاریخ تک اُس کا ٹھیکہ اُس کے (Risk and Cost) پر کینسل کیا جائے گا۔

8۔ شرائط کی خلاف ورزی کرنے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا اور ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ تصور کر کے اُس کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔

9۔ ٹھیکیدار ٹھیکہ کا مکمل ریکارڈ یعنی رسیدات وغیرہ (ایک سال کا ریکارڈ) TMA ہذا کے تحویل میں دیگا اور TMA اُس ریکارڈ کو اپنے پاس رکھ سکے گا۔

TMO

10۔ ٹھیکیدار شیڈول ریٹس کو نمایاں جگہ پر عوام الناس کے لئے آویزاں کریگا۔

11۔ اگر یہ ثابت ہوا کہ شیڈول کی شرح سے زائد فیس وصول کیا گیا تو TMO صاحب یا کوئی بھی معائنہ آفیسر موقع پر زائد وصول شدہ رقم پر گیارہ گنا ہرجانہ / جرمانہ لگا کر ٹھیکیدار سے وصول کیا جائے گا۔ زائد وصول شدہ رقم کو متعلقہ شخص کو واپس ادا کر دی جائیگی اور بقایا رقم TMA فنڈ میں جمع کی جائے گی ٹھیکیدار گورنمنٹ TMA کے منظور شدہ ریٹ / شیڈول کے مطابق وصول کرے گا۔ کوئی خلاف ورزی شرائط / شیڈول نہیں کرے گا۔ اور اگر ٹھیکیدار اس قسم کے غیر قانونی اقدامات کا بار بار مرتکب ہوا تو قانون کے مطابق اُن کا ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔

12۔ ٹھیکیدار زر نیلام کے علاوہ کل زر نیلام کے رقم پر حکومت کے منظور شدہ مروجہ شرح کے مطابق انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ گورنمنٹ اس بارے میں وقتاً فوقتاً ہدایات / احکامات جاری کرتے ہیں۔ ٹھیکیدار اُن تمام ہدایات / احکامات گورنمنٹ کا پابند ہوگا۔

13۔ اگر کوئی ٹھیکیدار کسی TMA بینک یا حکومت کے کسی بھی محکمہ کا باقی دار ہو اور بولی میں حصہ لینے سے پہلے اسی حقیقت کو وضع نہ کیا گیا ہو اور ٹھیکہ وصول کرے جس کا بعد میں پتہ لگ جائے۔ تو ایسی صورت میں ٹھیکیدار کا زر بیعانہ وغیرہ ضبط تصور ہوگا اور ٹھیکہ کو منسوخ کر کے دوبارہ ٹھیکیدار کے Risk and cost پر نیلام کیا جائے گا دوبارہ نیلامی کی صورت میں اگر کوئی خسارہ ہوا تو اس کی وصولی ٹھیکیدار سے کی جائے گی۔

14۔ جب ایک دفعہ ٹھیکہ کسی کے نام منظور ہو جائے تو کسی دوسرے آدمی کے نام منتقل نہیں کریگا اور نہ ہی شکمی اجارہ پر دے گا اور اگر معلوم ہوا کہ اصل اجارہ دار ٹھیکہ کو چلانے میں دلچسپی نہیں لیتا ہے تو اسے منسوخ کیا جائے گا ٹھیکہ کو نیلام کر کے نقصان کی صورت میں وصولی ٹھیکیدار سے کی جائے گی۔ ٹھیکہ ہذا کے متعلق اقرار نامہ اصلی اجارادار ادا کرے گا۔

15۔ منڈی مویشیاں / فلائنگ کوچ / اسٹینڈ / سائن بورڈ فیس وغیرہ کی فیس وصولی کے لئے ٹھیکیدار صرف متعلقہ فارم / رسیدات جو گورنمنٹ TMA کا منظور شدہ ہو استعمال کرے گا۔ رسیدات جتنی جمع ٹھیکیدار کو درکار ہوگی اُنکی پیشگی قیمت محکمہ ہذا کو ادا کرنا ہوگی۔ اس کے علاوہ فارم / رسیدات چھپوا کر ٹھیکیدار استعمال کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ ختم شدہ رسید بکس کے ماہ کے اختتام پر دفتر ہذا میں جمع کرانی ہوگی۔

16۔ ٹیکس / فیس میں ترمیم / تنسیخ کا اختیار حکومت کو حاصل ہوگا جس کی پابندی ٹھیکیدار پر لازمی ہوگی۔ اور ٹھیکیدار کو اس پر کوئی عذر نہ ہوگا۔

17۔ ٹھیکیدار اگر کسی وجہ سے نقصان میں ہو جائے مثلاً زیادہ بارشیں، ہڑتال یا روڈ بند ہونا وغیرہ وغیرہ تو ان تمام نقصان وغیرہ سے TMA لاتعلق ہوگا۔ اور نہ ہی کسی قسم نقصان کا Claim کرنے کا ٹھیکیدار مجاز ہوگا۔ اور کسی قسم کی معافی نہیں دی جائے گی۔

18۔ منڈی میلہ مویشیان چلانے کے لئے پلاٹ کا بندوبست ٹی ایم اے کریگا۔ اگر ٹی ایم اے نے پلاٹ کا بندوبست نہ کیا۔ تو ٹھیکیدار پلاٹ برائے منڈی کا خود بندوبست کریگا۔ اور اس بارے میں ٹی ایم اے ٹھیکیدار کو کل ورٹھیکہ کی رقم سے دونوں فریقین کی باہمی رضامندی سے پلاٹ کی ایڈجسٹ / ادائیگی کی جائے گی۔

19۔ ٹھیکیدار صرف اسی دن میلہ مویشیاں منعقد کرانے کا حقدار ہوگا جو TMA ہذا نے مقرر کیا ہو۔ عید کے موقع پر اگر اضافی روز میلہ منعقد کرنا مقصود ہو۔ تو اس کی پیشگی اجازت TMA ہذا سے لینی پڑے گی۔

20۔ ٹھیکیدار منظور شدہ شیڈول / ریٹ کے مطابق فیس وصول کرے گا۔ منظور شدہ ریٹ سے ہرگز تجاوز نہیں کرے گا۔

21۔ دوران ٹھیکہ اگر مال مویشی کی درآمد برآمد پر کسی وجہ سے پابندی لگ جائے۔ تو TMA پابندی کی صورت میں نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

TMO

22۔ اگر کوئی سوداگر یا کوئی شخص منڈی میں جانور کا سودا کر کے کسی اور مقام پر جانور کو گاہک کے حوالے کرتے ہوئے پکڑا گیا یا کسی بھی شخص نے منڈی مویشیاں میں چوری چھپے سودا کیا اور فیس ادا نہ کی۔ تو ثابت ہونے پر اصلی فیس کے حساب سے دس گنا بذیادہ جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

23۔ TMA کے مفاد کے پیش نظر اگر بڑھانے کی صورت میں تحصیل کونسل کسی اور جگہ منڈیاں شروع کریں گیں جس پر ٹھیکیدار کا کوئی عذر / اعتراض نہ ہوگا اور نہ ہی ٹھیکیدار کسی قسم کا Claim ٹی ایم اے سے کرے گا۔

24۔ ٹھیکیدار اور ٹی ایم اے کے درمیان کسی بھی تنازے کی صورت میں ریجنل میونسپل آفیسر بنوں ریجن ثالثی کا کردار ادا کریگا جس کا دونوں فریقین پابند ہونگے جس کو کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جائیگا۔

25۔ عوام سے شکایات، آراء اور تجاویز حاصل کرنے کے لئے ہر سٹاپ اڈا، میلہ مویشیان، کے قابل نظر مقامات پر ایک شکایت اور اعتراض کا بکس لگایا جائے گا جس پر عمل کیا جائے گا اور اُس کا ریکارڈ بھی برقرار رکھا جائیگا۔

26۔ اگر ٹھیکیدار نے مذکورہ بالا شرائط میں سے کسی شرط کی خلاف ورزی کی تو ٹھیکہ ہذا منسوخ کیا جائے گا اور جملہ جمع زدہ رقم ٹھیکیدار بحق TMA ضبط کی جائے گی دوبارہ نیلامی کی صورت میں ہر قسم کے نقصان کی ذمہ داری ٹھیکیدار پر ہوگی۔ اس کے علاوہ کسی تنازعہ کی صورت میں ٹھیکیدار TMA/Local Govt: کے قوائد کی پابندی کرے گا۔

انچارج ٹیکسیشن برانچ
ٹی ایم اے ککی

تحصیل میونسپل آفیسر
ٹی ایم اے ککی

CamScanner